© rasailojaraid.com



پروفیسر ڈاکٹر انعام الحق کوثر اور دیگر اہم مضامین ستاروں کی طرح السیرۃ کے آسمان پر کہکشاں بن کر جگمگ جگمگ کر رہے ہیں۔

"السیرۃ" کا سالانہ زر تعاون اندرون ملک ۱۸۰ روپے اور بیرون ملک ۱۸، امریکی ڈالر ہیں۔ رابطہ و ترسیل زر کیلئے: زوار اکیڈمی اے ۴/۱۷ ناظم آباد نمبر ۴، کراچی۔ ۱۸، پوسٹ کوڈ ۷۴۶۰۰

## اقوال سلف (حصہ اول)

مرتب: حضرت مولانا قمر الزمان صاحب الٰہ آبادی
ضخامت: ۳۲۱ صفحات۔ قیمت: درج نہیں
اشاعت: چہارم ۱۴۲۱ھ
ناشر: القاسم اکیڈمی، ادارۃ العلم والتحقیق
جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد ضلع نوشہرہ (صوبہ سرحد)

حضرت مولانا قمر الزمان خان صاحب الٰہ آبادی ہندوستان مصروف عالم اور شیخ طریقت ہیں انہوں نے "اقوال سلف" کے عنوان سے چھپے جلدوں پر مشتمل کتاب تالیف فرمائی ہے محترم مولانا عبدالقیوم حقانی جنہیں علمی و تحقیقی کام سے خاص انس ہے "اقوال سلف" حصہ اول کی اشاعت اُن کے اسی دینی و علمی جذبہ کی تسکین ہے۔ مولانا نے باقی پانچ حصوں کی اشاعت کا بھی مُژدہ رقم فرمایا ہے۔ اللہ تعالی انہیں اس کارِ خیر کی تکمیل کی توفیق عطاء فرمائے (آمین)

اس وقت "اقوال سلف" حصہ اول ہمارے پیش نظر ہے جس میں حضرت مولانا قمر الزمان صاحب زیدت معالیکم نے تیسری صدی ھجری تک کے اکابر و مشائخ کے مختصر حالات اور مفید اقوال مستند ماخذ سے درج فرمائے ہیں۔ صحابہ کرام و صحابیات رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین، تابعین و تبع تابعین، اولیاء و اولیات، عارفین اور عارفات کے تذکار و اقوال سے معمور یہ کتاب ہر لحاظ سے خواص و عوام کیلئے نافع و ناصح ہے امیر المؤمنین سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے لیکر شیخ فتح بن شُخرف مروزی (م ۲۷۳ھ) تک دو سو سے زائد شخصیات کا تذکرہ اس کتاب میں موجود ہے۔

## ماہنامہ الرشید لاھور سیرت النبی اور غلامان محمد صلی اللہ علیہ وسلم سید ابوالحسن علی ندوی اور محمد یوسف لدھیانوی رحمہم اللہ پر خصوصی اشاعت

گرامی قدر حضرت حافظ عبدالرشید ارشد صاحب دامت برکاتہم دینی صحافت میں "مزدور صحافی" کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ایک باہمت، پُرعزم اور زندہ دل انسان ہیں۔ نئی نسل بوڑھوں کی مجلس میں اکتاہٹ محسوس کرتی ہے۔ اور یورپین تہذیب سے متاثر ہو کر اپنے اس رویے کو (Generation Gape) نسلی خلا کا نتیجہ قرار دیتی ہے۔ حافظ صاحب مدظلہ عالم باعمل ہیں۔ اعلیٰ ادبی و مطالعاتی ذوق رکھتے ہیں، مہم جُو ہیں اور خوب سے خوب تر کی تلاش میں رہتے ہیں۔ اُن کی صحبت میں بیٹھ کر پُرانے چراغ یاد آتے ہیں۔ جی چاہتا ہے کہ وہ سخن طراز ہوں اور ہم خاموش سامع بن کر بیٹھے رہیں۔ تاریخ، مذہب، فلسفہ، ادب، سیاست اور ذاتی مشاہدات غرض ہر موضوع پر مستند معلومات فراہم کرتے ہیں۔

ماہنامہ الرشید کے کئی خاص نمبر شائع کر چکے ہیں۔ شخصیات و سوانح اور تذکرہ آپ بیتی ان کا خاص موضوع ہے۔ واردات و مشاہدات کے زیر عنوان ایک عرصہ سے لکھ رہے ہیں۔ اور خوب لکھ رہے ہیں۔ "الرشید" کے نعت نمبر، مدنی و اقبال نمبر، دارالعلوم دیوبند نمبر اور حکیم سعید نمبر کے بعد زیر تبصرہ خصوصی اشاعت عصر حاضر کے دو عظیم غلامانِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم، مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ اور مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید سے منسوب ہے۔ ۴۹۶ صفحات کی اس خاص اشاعت کے آغاز میں سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مختلف

© rasailojaraid.com